کی زبان میں "مُمل" نہیں ہے، ارباب ذوق کے لئے یہ نعمت غیر مترقبہ ہے۔ خدا کرے باقی جلدیں بھی جلد آئیں لیکن افسوس ہے کہ طباعت اور کتابت کی غلطیوں کی بہتات نے کتاب کو داغدار کر دیا ہے اور آخر میں ایک طویل غلط نامہ بھی جامع نہیں مثلاً ص ۷ سطر ۶ میں "سیف الدین" کے بجائے غالباً "سعد الدین" ہوگا۔

مسلم پرسنل لا (انگریزی) | مرتبہ جناب مفضل الرحمٰن فریدی و محمد نجات اللہ صاحب صدیقی۔
تقطیع متوسط ضخامت دو سو صفحات۔ ٹائپ روشن قیمت -/8 پتہ :- اسلامک ریسرچ سرکل علی گڑھ۔

اسلامک ریسرچ سرکل۔ علی گڈھ کی طرف سے ۱۹۶۰ء میں ایک سیمینار مسلم یونیورسٹی میں منعقد ہوا تھا جس میں بیرونی حضرات علماء اور خود یونیورسٹی کے اساتذہ شریک ہوتے تھے، اس میں پندرہ مقالات پڑھے گئے اور بحث میں سب نے حصہ لیا۔ اس طرح موضوع بحث کا کوئی گوشہ ایسا نہیں ہے جو سامنے نہ آگیا ہو، لائق مرتبین نے ان سب مضامین کو (جو اردو میں تھے ان کا انگریزی میں ترجمہ کر کے) سیمینار کی مفصل کارروائی کے ساتھ کتاب کی شکل میں چھاپ دیا ہے اور مقالات کو تین ابواب میں تقسیم کیا ہے : (۱) مسلم پرسنل لا کی اہمیت اور اس کی حقیقت۔ (۲) مسلم پرسنل لا ہندوستانی ماحول میں (۳) مسلم پرسنل لا اور اسلامی ممالک، اس کتاب کے مطالعہ سے مسلم پرسنل لا سے متعلق مختلف سوالات کا جواب خاطر خواہ ملے گا! امید ہے کہ ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام ہوں گے۔

Approaches to the Study of Religion | مرتبہ جناب ہربنس سنگھ،
تقطیع متوسط ضخامت ۲۰۸ صفحات کاغذ اور طباعت اعلیٰ مجلد قیمت درج نہیں۔ پتہ:- گرو گوبند سنگھ ڈپارٹمنٹ آف ریلیجس اسٹڈیز، پنجابی یونیورسٹی، پٹیالہ۔

چند برس ہوئے پنجابی یونیورسٹی پٹیالہ نے ایک نہایت عظیم الشان ڈپارٹمنٹ مذاہب کے درس و مطالعہ اور ان پر ریسرچ کے لئے قائم کیا تھا جو ہندوستان کی یونیورسٹیوں میں اپنی نوعیت کا پہلا